## بلوچستان میں آنے والے زلزلے کے متاثرین کیلئے فوری طور پر امدادی کارروائیوں کا آغاز کردیں۔الطاف حسین

### امدادی کیمپ قائم کئے جائیں، زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امدادی ٹیمیں روانہ کی جائیں، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ، میڈیکل ایڈ کمیٹی اور فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو الطاف حسین کی ہدایت

لندن۔۔۔29 اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ، میڈیکل ایڈ کمیٹی ایم کیوایم کے تنظیمی شعبوں اور ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ہدایت کی ہے وہ بلوچستان میں آنے والے زلزلے کے متاثرین کیلئے فوری طور پر امدادی کارروائیوں کا آغاز کردیں۔زلزلے کی اطلاع ملتے ہی جناب الطاف حسین نے ٹیلیفون پر رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امدادی ٹیمیں روانہ کی جائیں، متاثرین کیلئے امدادی کیمپ قائم کئے جائیں اور ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان، منتخب نمائندے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے زلزلے میں کی جانے والی امدادی کارروائیوں کی طرح بلوچستان میں آنے والے زلزلے کے متاثرین کی امداد کیلئے تمام کام چھوڑ کر فوراً فعال ہو جائیں اور زلزلے سے متاثرہ بھائیوں کی ہر ممکن مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلوچستان کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو بھی ہدایت کی کہ وہ زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

## مخیّر حضرات بلوچستان کے زلزلے سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے پاس زیادہ سے زیادہ امدادی اشیاء جمع کرائیں۔ الطاف حسین کی اپیل

### متاثرہ افراد کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں جنہیں کمبل، گرم کپڑوں، غذائی اجناس، ادویات اور دیگر اشیاء کی فوری ضرورت ہے

لندن۔۔۔29 اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ بلوچستان کے زلزلے سے متاثرہ بھائیوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے پاس زیادہ سے زیادہ امدادی اشیاء جمع کرائیں۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں گزشتہ شب آنے والے تباہ کن زلزلے سے سینکڑوں افراد جاں بحق اور زخمی ہو چکے ہیں اور متاثرہ افراد کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور ہیں جنہیں کمبل، گرم کپڑوں ، غذائی اجناس، ادویات اور دیگر ضروری اشیاء کی فوری ضرورت ہے۔جناب الطاف حسین نے مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ متاثرین کی امداد کیلئے امدادی سامان اور عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کے پاس جمع کرائیں تا کہ متاثرین کی زیادہ سے زیادہ امداد کی جاسکے۔

## بلوچستان میں شدید زلزلہ کے باعث ہونے والے بھاری جانی ونقصانات پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

### بلوچستان زلزلہ متاثرین کی ہر ممکن امداد کیلئے تمام تر وسائل اور اقدامات بروئے کار لائے جائیں، الطاف حسین

لندن۔۔۔29، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بلوچستان میں شدید زلزلہ کے باعث ہونے والے بھاری جانی و مالی نقصانات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ زلزلہ متاثرین کی ہر ممکن امداد کیلئے تمام تر وسائل اور اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچستان میں شدید زلزلہ کے باعث مختلف علاقوں میں نہ صرف مکانات زمین بوس ہوگئے بلکہ شدید جانی و مالی نقصانات سامنے آرہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ زلزلہ کے نتیجے میں ملبے تلے دبے ہوئے زخمیوں کو نکالنے اور لوگوں کی زیادہ سے زیادہ زندگیاں بچانے کیلئے حکومتی مشینری کو پوری قوت کے ساتھ استعمال کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آنے والے اس خوفناک اور شدید زلزلے کے بعد جیسے جیسے وقت گزرتا جارہا ہے لوگوں کی ہلاکت کی اطلاعات بڑھتی جارہی ہے جس سے اندیشہ ہے کہ زلزلہ نے یہاں بڑی تباہی مچائی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت جہاں زلزلہ متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں سرانجام دے رہی ہے وہیں حکومت متاثرین کی متبادل جگہوں پر آبادکاری، ان کی طبی امداد اور سہولیات کا فی الفور بندوبست کرے اور انہیں اس صدمے سے نکالنے کیلئے سرگرمیوں کا آغاز کرے۔انہوں نے زلزلہ کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## غریب صوبہ بلوچستان میں آنے والے زلزلہ اوراس زلزلہ کے نتیجہ میں سینکڑوں افراد کے ہلاک وزخمی ہونے اوردیگر تباہ کاریوں پرمعروف الیکٹرانک میڈیا کی بے حسی کے عمل پر الطاف حسین کا اظہار تشویش

لندن۔۔۔29، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ بلوچستان میں زلزلہ کے نتیجہ میں قیمتی جانی ومالی نقصان پر معروف الیکٹرانک میڈیا کی بے حسی اورزلزلہ سے متعلق خبروں کی نشریات کوترجیح دینے کے بجائے غیرضروری اورغیر متعلقہ پروگرام ٹیلی کاسٹ کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بدھ کی صبح پاکستان کے ایک پسماندہ اورغریب صوبہ بلوچستان میں زلزلہ آیا جس میں لاکھوں گھر منہدم ہوگئے،سینکڑوں افراد کا جانی ومالی نقصان ہوا اورسینکڑوں افرادزخمی بھی ہوئے لیکن اتنے بڑے اندوہناک حادثے پر بڑے بڑے الیکٹرانک میڈیا کی جانب سے بے حسی کا مظاہرہ کیا گیا۔انہوں نے مزید کہا کہ معروف الیکٹرانک میڈیا کی جانب سے اس قومی سانحہ پرقوم کوزلزلہ کی تباہ کاریوں سے آگاہ کرنے کے بجائے امریکہ میں ہونے والے الیکشن اوردیگر غیراہم نشریات ٹیلی کاسٹ کی جارہی ہے اوران نامی گرامی الیکٹرانک میڈیا کے ذمہ دارافراداورانتظامیہ کے اس طرزعمل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچستان میں آنے والا زلزلہ ایک قومی سانحہ ہے اور پاکستانی قوم کے لحاظ سے اس المیہ سے بڑی اورکوئی خبرنہیں ہوسکتی لیکن افسوس صدافسوس کہ نامی گرامی الیکٹرانک میڈیا کے ذمہ داران زلزلہ کی تباہ کاریوں اورقوم کوزلزلہ سے متاثرہ افراد کی مشکلات اور پریشانیوں سے آگاہ کرنے کے بجائے غیرضروری اورغیر متعلقہ پروگرام نشرکررہے ہیں جوانتہائی قابل افسوس عمل ہے۔جناب الطاف حسین نے ان الیکٹرانک میڈیا کے مالکان سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ خدارا! وہ خوف خدا کریں اوراس بے حسی کا فوری نوٹس لیں۔ورنہ کل آپکی کسی بھی ناگہانی آفت پرآپ کے بارے میں بھی آپ کے یہی ادارے صرف ایک خبرنشرکرکے دیگر غیرضروری وتفریحی پروگرام نشرکرتے رہیں گے۔

## حق پرست عوام شہنشاہِ غزل مہدی حسن کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔29، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے برصغیر کے معروف گلوکاراورشہنشاہِ غزل مہدی حسن کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلدومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ مہدی حسن کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم میرپورخاص زون کے سینئر کارکن اشفاق احمد راجپوت کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔29، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میرپورخاص زون کے سینئر کارکن اشفاق احمد راجپوت کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے ایم کیوایم میرپورخاص کے سینئر کارکن اشفاق احمد راجپوت کوشہید کردیا اشفاق احمد راجپوت کے سفاک قاتلوں کوگرفتارکرکے قرارواقعی سزادی جائے،رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

میرپورخاص۔۔۔29، اکتوبر 2008ء۔۔۔مسلح دہشت گردوں نے متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے سینئر کارکن اشفاق احمد راجپوت کو فائرنگ کرکے شہید کردیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کی صبح مسلح دہشت گردوں نے اشفاق احمد راجپوت کوان کی رہائشگاہ کے باہر فائرنگ کا نشانہ بنایا جس کے باعث وہ شدید زخمی ہوگئے۔اشفاق راجپوت کی زخمی حالت میں سول اسپتال لے جایا گیا تاہم وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئے۔شہید کی عمر 45 سال تھی اوران کے سوگواران میں والدہ، بیوہ، 4 لڑکیاں اور ایک لڑکا شامل ہے۔اشفاق احمد راجپوت شہید کا شمارایم کیوایم کے سینئر کارکنان میں ہوتا ہے وہ اس سے قبل ایم کیوایم کی متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن، میرپورخاص زونل کمیٹی کے رکن اورسرکل انچارج کی حیثیت سے تنظیمی ذمہ داریاں بھی انجام دیتے رہے ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اشفاق احمد راجپوت کے بہیمانہ قتل کی سخت

ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو دہشت گرد اشفاق احمد راجپوت شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث ہیں وہ قانون کی گرفت سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ اشفاق احمد راجپوت شہید کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بلوچستان کے زلزلہ زدگان کیلئے مرکزی امدادی کیمپ کا قیام

### زلزلہ سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے لاکھوں روپے مالیت کی رضائیاں، کمبل، خیمے، پینے کا صاف پانی، بچوں، بڑوں اور خواتین کے گرم ملبوسات، آٹا، خشک دودھ، چائے، صابن، چادریں، دریاں اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء پر مشتمل ایک کھیپ بلوچستان روانہ کر دی گئی

### متاثرین کو طبی امداد کی فراہمی کیلئے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی ٹیم بھی روانہ کی جارہی ہے

### الطاف حسین کی ہدایت پر بلوچستان میں زلزلہ سے متاثرہ افراد کیلئے امدادی سرگرمیاں کی جارہی ہیں، شعیب بخاری

### خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر میں پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)۔۔۔بلوچستان کے علاقے زیارت، پشین اور دیگر علاقوں میں گذشتہ روز آنے والے قیامت خیز زلزلے کے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی فوری اور خصوصی ہدایت پر اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن (KKF) کی جانب سے ایک امدادی کیمپ کے کے ایف کے صدر دفتر میں قائم کر دیا گیا ہے۔ جبکہ لاکھوں روپے مالیت کی رضائیاں، کمبل، خیمے پینے کا صاف پانی، بچوں، بڑوں اور خواتین کے گرم ملبوسات، آٹا، خشک دودھ، چائے، صابن، چادریں، دریاں اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء پر مشتمل ایک کھیپ بدھ کی سہ پہر متاثرہ علاقوں کیلئے روانہ کر دی گئی ہے اس کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے حق پرست ڈاکٹروں، پیرا میڈیکل اسٹاف اور بھاری تعداد میں ضروری ادویات بھی روانہ کی گئی ہیں۔اس بات کا اعلان متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مینجنگ ٹرسٹی شعیب احمد بخاری نے بدھ کے روز یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ، رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور کے کے ایف کے سلیم انصاری بھی موجود تھے۔شعیب احمد بخاری نے بتایا ہے کہ یہ امدادی کیمپ لندن بیس فلاحی تنظیم ''سن'' (SOCIETY FOR THE UNWELL AND NEEDY) کے اشتراک سے قائم کیا گیا ہے جو متاثرین کی بحالی تک اپنی خدمات انجام دے گا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین خدمت کے بغیر کی سیاست کو منافقت سمجھتے ہیں اور انسانیت کی خدمت ہی افضل عبادت ہے پر یقین رکھتے ہیں۔اس سے قبل بھی ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ملک و بیرون ملک آنے والی قدرت آفات اور دیگر مصائب میں بحالی اور امدادی کام سرانجام دیے ہیں خصوصی طور پر گذشتہ سالوں آزاد کشمیر، صوبہ سرحد اور شمالی علاقوں میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے جو خدمات انجام دی ہیں وہ اپنی مثال آپ ہے۔انہوں نے کہا کہ متاثرین کی بحالی کیلئے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء، ادویات اور ایمبولینس بھجوائی جارہی ہیں اگر ضرورت پڑی تو خدمت خلق فاؤنڈیشن وہاں ایک عارضی اسپتال بھی قائم کرے گی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن میں زلزلہ سے متاثرین کی امداد اور بحالی کیلئے فوری طور پر ایک کیمپ قائم کر دیا گیا ہے جس کی نگرانی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ذمہ دار خود کر رہے ہیں۔زلزلہ زدگان کی امداد و بحالی کیلئے ایم کیو ایم کے حق پرست ڈاکٹروں کی ایک ٹیم آج ہی روانہ کی گئی ہے جس کے ساتھ بھاری تعداد میں ضروری ادویات اور پیرامیڈیکل اسٹاف بھی شامل ہے۔ان فلاحی اور بحالی کے کاموں کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ''SUN'' جو ایک بین الاقوامی فلاحی تنظیم ہے اس کا تعاون واشتراک حاصل ہے۔اس سلسلے میں ایم کیو ایم کے حق پرست ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف اور ادویات پر مشتمل ایک اور قافلہ آج رات کسی وقت روانہ کر دیا جائے گا۔زلزلہ زدگان کی ضروریات کے مطابق 200 رضائیاں 200 کمبل، 200 خیمے، 300، کاٹن پینے کا صاف پانی آٹے کے 300 بڑے بیگ کے علاوہ، سوئیٹرز، بچوں بڑوں اور خواتین کیلئے گرم ملبوسات، خشک دودھ، چائے، صابن، چادریں، تکئے، دریاں اور اسی نوعیت کا ضروری سامان آج رات روانہ کر دیا جائے گا جبکہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایک ٹیم فلاحی اور بحالی کے کاموں میں حصہ لینے کیلئے عنقریب متاثرہ علاقوں میں روانہ کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی، میڈیکل ایڈ کمیٹی، ، ایم کیو ایم کے تنظیمی شعبوں اور ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کو ہدایت کی ہے کہ وہ بلوچستان میں آنے والے زلزلے کے متاثرین کیلئے فوری امدادی کارروائیوں کا آغاز کر دیں۔زلزلے کی اطلاع ملتے ہی جناب الطاف حسین نے ٹیلی فون پر رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں فوری طور پر امدادی ٹیمیں روانہ کی جائیں، متاثرین کیلئے امدادی کیمپ قائم کئے جائیں اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران و کارکنان منتخب نمائندے اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے

زلزلے میں کی جانے والی امدادی کاروائیوں کی طرح بلوچستان میں آنے والے زلزلے کے متاثرین کی امداد کیلئے تمام کام چھوڑ کر فوراً فعال ہوجائیں اور زلزلے سے متاثرہ بھائیوں کی ہرممکن مدد کریں۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلوچستان کے ذمہ داروں اور کارکنوں کو بھی ہدایت کی ہے کہ وہ زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ہم اپنے قائد جناب الطاف حسین کی ان ہی ہدایات پر زلزلہ زدگان کی بحالی وامداد کیلئے میدان عمل میں آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین بلوچستان کے مذکورہ علاقوں میں آنے والے زلزلے اوراس کے نتیجے میں ہونے والے بھاری جانی و مالی نقصان پر اپنے افسوس اور گہرے رنج وغم کا اظہار کر ہی چکے ہیں،ہم اراکین رابطہ کمیٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار بھی زلزلہ زدگان کے اس عظیم کام نقصان پر ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد ومکمل صحت یابی عطا کرے۔ہم آپ کی وساطت سے ملک بھر خصوصاً کراچی کے مخیرّ حضرات اورعوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بلوچستان کے زلزلہ زدگان کی امداد و بحالی کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے پاس زیادہ سے زیادہ امدادی اشیاء جمع کرائیں تا کہ متاثرین کی زیادہ سے زیادہ اور دل کھول کر امداد کی جاسکے۔انہیں خصوصی طور پر کمبل، گرم کپڑوں،غذائی اجناس،ادویات اوراسی نوعیت کی دیگر اشیاء کی فوری ضرورت ہےاوراس سلسلے میں تعاون بھرپورتعاون کریں۔

## خیر پور میں تسلیم سولنگی کے بہیمانہ قتل کی واردات میں ملوث درندہ صفت عناصر کو عبرتناک سزا سے ہمکنار کیا جائے،شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔29،اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے خیر پور میں تسلیم سولنگی کے بہیمانہ قتل کی واردات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاور مطالبہ کیا ہے کہ سفاکانہ قتل کی اس واردات میں ملوث عناصر کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں شعبہ خواتین نے کہا کہ تسلیم سولنگی کا بہیمانہ قتل اندرون سندھ میں ظالمانہ اور سفاکانہ رسم ورواج کے نفاذ اور خواتین کے بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی نشاندہی کررہا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ خواتین کے بنیادی حقوق کیلئے ہرسطح پر جدوجہد کر رہی ہےاور متحدہ قومی موومنٹ تسلیم سولنگی کے قتل کی وحشیانہ اور سفاکانہ عمل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔شعبہ خواتین کی ارکان نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تسلیم سولنگی کے قتل کی واردات کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اوراس میں ملوث سفاک اور درندہ صفت عناصر کو عبرتناک سزا سے ہمکنار کیا جائے۔

☆☆☆☆☆